
قُضاة 1
DANNYBULANADI/19
mcnabb

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


اور وہ لوگ خُداوند کی پرستِش یشُوع کے جیتے جی کرتے رہے۔
اور یشوع کی وفات کے بعد لوگ اُن بزُرگوں کی پیروی کرتے رہے جِنھوں نے خُداوند کے سب بڑے کام جو اُس نے اِسرائیل کے لِئے کِئے، دیکھے تھے۔
لیکن اُن کے بعد ایک اَور پُشت پَیدا ہُوئی جو نہ خُداوند کو اور نہ اُس کام کو جو اُس نے اِسرائیل کے لِئے کِیا جانتی تھی۔
قضاة 2:7-10



چونکہ بنی اسرائیل نے اپنے پرانے طریقوں پر واپس آنا شروع کر دیا تھا، خداوند نے ان کے سامنے سے قوموں کو ہٹانا بند کر دیا۔
خداوند نے بنی اسرائیل کے اردگرد ان قوموں کو رہنے دیا تا کہ وہ ان کو آزمائے اور دیکھے کہ کیا وہ پورے دل کے ساتھ اس کی پیروی کریں گے۔
اس نئی نسل نے جنگوں یا ایمان کی کسی بھی چیز کا تجربہ نہ کیا جو کہ ان کے آباؤاجداد نے وعدہ کی سرزمین لینے کے دوران کیا تھا۔
یشوع کی کتاب میں لوگ پورے دل سے خدا کی پیروی کرتے ہیں۔ اور عظیم کامیابیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔
لیکن قضاۃ کی کتاب ایک اداس نتیجہ ہے جو اِن کی نافرمانی اور شکست کے بارے میں بتاتی ہے۔
خدا کی ہدایات اور حکم کی نافرمانی کرتے ہوئے، اسرائیلیوں نے کنعانی لوگوں کے ساتھ باہمی شادیاں کیں– اور اُن کے خداؤں کی پیروی کی۔ اُنکے پاس پیروی کرنے کے لیے بہت سے خدا تھے۔۔۔


اورانہوں نے اسرائیل کے خدا کو چھوڑنے کی سنگین غلطی کی۔
بعل، صدوقیوں کا خدا، جیسا کہ آپ نے کنعانی لوگوں کو ترقی دی ہمیں بھی مضبوط اور زرخیز بنا۔
عستارات مجھے ایک بچہ دے اور میرے رحم کے پھل کو برکت دے۔
بعل میرے گھر کا خُدا ہوگا وہ آب وہوا کا انتظام کرتا ہے اور میری فصلوں کو کئی گنا بڑھا سکتا ہے۔
ہاں، کون ایسے خدا کی پرستش کرے جسے آپ دیکھ نہیں سکتے۔
ہمیں عستارات کی دیوی کے لئے اپنا فرض پورا کرنا چاہیے۔
ان مردوں کی طرف سے یہ بچے طاقتور اور مضبوط ہو جائیں گے۔
کیا میں نے تمھیں نہیں بتایا تھا کہ کنعانی جانتے ہیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟
تم صحیح ہو! ہمارے باپ دادا کے یہوواہ خُدا کی پُوجا پرانی ہو چکی ہے۔
یہ ہے عبادت کی وہ قسم جس سے میں واقعی لطف اندوز ہوسکتا ہوں۔


ایل کنعانیوں کا سب سے بڑا دیوتا تھا۔ جو لامحدود ہوس کا مالک اور ایک خونخوار دیوتا تھا۔
اس کا بیٹا بعلیم جو ”آسمان کا خدا“ تھا اور پانی اور طوفان پر اختیار رکھتا تھا۔
لوگوں نے زمین کو زرخیزی دینے اور ان کی فصلوں کی حفاظت کے لیے اس کی طرف دیکھا۔
لوگوں نے ان کے لئے قربانیاں گزرانی اور ان کے اعزاز میں غیر اخلاقی تقریبات منعقد کیں۔
اس کے مندر کے ایک کمرہ میں مرد اور عورتیں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں شامل ہوتے تھے۔
اس کی بہن۔بیوی کا نام اعستارات تھا وہ زرخیزی اور جنگ کی سرپرستی کرتی تھی۔
اس کے علاوہ، مختلف لوگوں کے درمیان بہت سے دوسرے مقامی دیوتا اور دیویاں تھیں۔
قضاة 3:1-6


چونکہ بنی اسرائیل نے خدا سے منہ پھیر لیا، اس نے اُن پر سات وحشیانہ ادوار بھیجے۔
لیکن ہر مرتبہ، جب لوگ رونے لگتے تو، خدا ایک رہائی دینے والے کو بھیج دیتا۔
کوشن رِسعتیم، مسوپتامیہ کا بادشاہ، آٹھ برس تک بنی اسرائیل پر قابض رہا۔
میں اس لالچی بادشاہ سے اپنی خوراک کی حفاظت کرتے کرتے تھک گیا ہوں۔
وہ ہماری خوراک اور ہماری عورتوں، دونوں کو لے جاتا ہے۔
خداوند کا غصہ ہمارے خلاف بھڑکا ہے کیونکہ ہم نے اسے چھوڑ دیا ہے۔
موسیٰ نے کہا تھا کہ اگر ہم دوسروں کے خداؤں کی پیروی کریں گے تو ایسا ہوگا۔
میرے پاس بہت کچھ ہے۔۔۔
اور جب بنی اِسرائیل نے خُداوند سے فریاد کی تو خُداوند نے بنی اِسرائیل کے لِئے ایک رہائی دینے والے کو برپا کِیا اور کالِب کے چھوٹے بھائی قنز کے بیٹے غتنی ایل نے اُن کو چُھڑایا۔ جس نے وعدہ کی سرزمین فتح کرنے میں یشوع کا ساتھ دیا تھا۔
آؤ ہم غتنی ایل کی پیروی کریں۔ یہوواہ خدا اُس کے ساتھ ہے۔
تب خُداوند نے اُس بادشاہ کو غتنی ایل کے ہاتھ میں کر دِیا۔ اور اُس مُلک میں چالیس برس تک چَین رہا۔



غتنی ایل کی وفات کے بعد اسرائیل کے لوگوں نے دوبارہ مقامی خداؤں
اوران کی مشرکانہ رسومات کی پیروی کرنا شروع کر دیں۔
ہمیں یہاں کوئی نہیں دیکھ سکتا۔
میں اشعرہ کی دیوی سے کہونگی کہ وہ اولاد پیدا کرنے میں میری مدد کرے۔
اور ظلم وجبر کا دوسرا عرصہ موآب کے بادشاہ عجلون کے زمانہ سے شروع ہوتا ہے۔
اور اُس نے بنی عمّون اور بنی عمالیق کو اپنے ہاں جمع کیا اور جا کر اِسرائیل کو محکوم بنالیا۔
میں اسے مزید برداشت نہیں کرسکتا۔
انہوں نے ہماری خوراک کا تقریباً تمام ذخیرہ لے لیا ہے۔
۔۔۔اور ہماری بیٹیاں بھی۔
ہم ان کے لیے کام کرنے والے غلام ہیں۔خدا ہماری مدد کر۔
آٹھارہ برس کے شدید ظلم اور محکومی کے بعد خدا کی نجات بنیمینی جیرا کے بیٹے اہود جو بائیں ہتھا تھا، کی صورت میں آئی۔


عبرانی کا اہُود عبرانیوں سے حوصلہ افزائی پا کر آتا ہے۔
بادشاہ کو بتاؤ کہ۔۔۔میرے پاس اُس کے لئے ایک خاص پیغام ہے۔
اے بادشاہ میرے پاس تیرے لِئے ایک خُفیہ پیَغام ہے۔
خاموش! سب لوگ مجھے تنہا چھوڑ دو۔
میرے پاس ایک پیغام ہے۔۔۔
شاید اِس نے سونے کا وہ ذخیرہ دریافت کرلیا ہے جو دوسرے عبرانی مجھ سے چھپا رہے تھے۔
۔۔۔تیرے لئے
۔۔۔خدا کی طرف سے۔




تیرا پیغام یہ ہے!
اور تلوار بادشاہ کی توند کے پار ہوگئی۔ یہاں تک کہ دستی بھی۔
بادشاہ آرام فرما رہا ہوگا، اُسے وہاں پر کافی دیر ہوگئی ہے۔
اور جب وہ انتظار کر رہے تھے اہُود وہاں سے بھاگ گیا۔



اسرائیلی تمام ملک سے اکٹھے ہوئے اور اہُود کی پیروی کرنے لگے۔ اور اُنہوں نے دس ہزار موآبیوں کو قتل کیا اور اپنی زمین واپس لے لی۔
یَردن کے گھاٹوں کو جو موآب کی طرف تھے اپنے قبضہ میں کر لیا اور ایک کو بھی پار اُترنے نہ دِیا۔
اور اُس مُلک میں اسّی برس چَین رہا۔
ایک اور قاضی عنات کا بیٹا شمجر کھڑا ہُوا اور اُس نے فِلستِیوں میں سے چھ سَو مَرد بَیل کے پَینے سے مارے اور اُس نے بھی اِسرائیل کو رہائی دی۔


اسّی سال کے بعد لوگ ایک مرتبہ پھر سچے خدا یہوواہ کی جگہ زمین کے خداؤں کی عبادت کرنے میں مصروف ہو گئے۔


اِس مرتبہ اسرائیلیوں کا سامنا کنعان کے بادشاہ یابین سیان کے تیسرے بڑے چیلنج کے طور پر ہوا۔


بادشاہ یابین بے رحم تھا۔
اپنے قوانین لاگو کرنے کے لئے اُس کے پاس لوہے کے نَوسَو رتھ تھے جس کی قیادت لشکر کا سردار سِیسرا کرتا تھا۔
یہ فوج بیس سال تک نا قابل تسخیر رہی اور بنی اسرایل کے لوگوں کو اس کے مضبوط ہاتھ کے نیچے شدید تکلیف میں رہنا پڑا۔


دبورہ کا کھجور کا درخت–1260 قبل از مسیح -- دبورہ نبوت کے قوانین
اور بنی اسرائیل کی قیادت کرتی ہے جو خدا کی مرضی تلاش کرتے ہیں۔
انہوں نے میرے دانوں سے بھرے مٹکوں کو مکمل طور پر جلادیا۔
فوجیوں نے میری اکلوتی بیٹی کو مجھ سے چھین لیا۔
ہم یہوواہ خدا کے حضور روئے لیکن اُس نے ہماری ایک نہ سنی۔
ہمارے گناہوں نے ہمیں سب سے بلند خدا کی برکات اور حفاظت سے الگ کردیا ہے۔
یہوواہ نے کہا کہ اگر ہم زمین کے خداؤں کی پیروی کریں گے تو ہم مصیبت اُٹھائیں گے۔
ہم نے بڑی حد تک گناہ کیا ہے۔
میرے شوہر نے ہمارے گاؤں میں بعل کے بت کو گرادیا ہے! ہم صرف خداوند کی عبادت کریں گے-اوراس کے احکامات پر عمل کریں گے۔
وہ دوبارہ، مدد کے لئے چلائے۔
اُس نے برق کو بُلا بھیجا کہ وہ اُس کے پاس آئے۔


کیا آپ نے اپنے خدمت گزار برق کو بلایا ہے؟
خداوند نے مجھے ہدایت دی ہے۔
خُداوند اِسرائیل کے خُدا نے حُکم کِیا کہ تُو تبُور کے پہاڑ پر چڑھ جا اور بنی نفتالی اور بنی زبُولون میں سے دس ہزار آدمی اپنے ساتھ لے لے۔
اور مَیں نہرِ قیسون پر یابین کے لشکر کے سردار سیسرا کو اور اُس کے رتھوں اور فوج کو تیرے پاس کھینچ لاؤں گا اور اُسے تیرے ہاتھ میں کر دُوں گا۔
برق: اگر تُو میرے ساتھ چلے گی تو مَیں جاؤں گا پر اگر تُو میرے ساتھ نہیں چلے گی تو مَیں نہیں جاؤں گا۔
ٹھیک ہے۔
مَیں ضرُور تیرے ساتھ چلُوں گی لیکن اِس سفر سے جو تُو کرتا ہے تُجھے کُچھ عِزّت حاصل نہ ہو گی کیونکہ خُداوند سیسرا کو ایک عورت کے ہاتھ بیچ ڈالے گا۔


زبُولُون اور نفتالی کے قبیلوں میں سے دس ہزار مَرد برق کی قیادت میں قادِس میں جنگ کے لئے ان پر چڑھے۔
اور دبوؔرہ بھی اُس کے ساتھ چڑھی۔


جر قینی اور اُس کی بیوی یاعیل جنگ وجدل سے دور تھے۔
قینی تھے اور موسیٰ کی بیوی صفورہ کی طرف سے رشتہ دار تھے۔


وہ پردیسی تھے جو بنی اسرائیل کے درمیان رہتے تھے اور ان
کے ساتھ اچھے تعلقات سے لطف اندوز ہوتے تھے۔


اور سیسرا نے اپنے سب رتھوں کو یعنی لوہے کے نو سو رتھوں
اور اپنے ساتھ کے سب لوگوں کو دیگر اقوام کے شہر حروست
سے قیسون کی ندی پر جمع کیا۔


بالآخر، ایک لڑائی جس کی وجہ
سے بہت سے لوگوں کو موت کا
سامنا کرنا پڑا۔



خبر یہ تھی کہ وہ دس ہزار طاقت ور ہیں۔
اچھا- دس ہزار میرے لوہے کے رتھوں کے نیچے کچلنے کے لئے۔
اور ان کے پاس کوئی بھی رتھ نہیں ہے۔
یہ تو اور بھی اچھا ہے۔
اسرائیلی فوج اب کوہِ تبور پر جمع تھی۔
یزریل کی وادی- لڑائی کے لیے بہترین جگہ۔
ترتیب سے کھڑے ہو جاؤ اور خون کا بہاؤ دیکھو۔
سیسرا اور اُس کی رتھ بردار فوج نے کبھی جنگ نہیں ہاری تھی۔
پھر اُٹھ کیونکہ یہی وہ دِن ہے جس میں خُداوند نے سیسرا کو تیرے ہاتھ میں کر دِیا ہے کیا خُداوند تیرے آگے نہیں گیا ہے؟




قضاة 4:15



بارش نہیں۔ہمیں فوراً سخت زمین تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔
ہمارے رتھ اس میں نہیں چل سکتے۔
ہم کبھی بھی مٹی میں یہ نہیں کر پائیں گے۔
یقیناً اسرائیلی فوج کا خدا طوفانوں کا خدا ہے۔ہم اس سے کبھی بچ نہیں سکتے۔
کراک!
قیسون کی ندی۔کناروں سے باہر بہنے لگی۔
اب میں نے جان لیا کہ ہمارے خلاف اسرائیل کا خدا جنگ لڑ رہا ہے۔
۔۔۔ہمیں ابھی اس جگہ سے جانا ہوگا ورنہ اس سے پہلے کہ پوری فوج اس جال میں پھنس جائے اور مٹی میں دھنس جائے۔


قضاۃ 4:15-16


آہ
افواج کے ساتھ کھڑے رہو اور انہیں پیچھے مت ہٹنے دو۔
میں ننگے پاؤں بھاگ جاؤں گا تا کہ چھپ سکوں اور پھر جب فوج اکٹھی ہو تو اُن سے جا ملوں۔


لڑائی میں فخر کرنے والی کنعانی فوج کے لیے جنگ اتنی اچھی نہ رہی۔
تیزی سے پیچھا کرو۔ اُنہیں تلوار سے ہلاک کرو اور کوئی شخص جیتا نہ بچے۔
اس جنگ میں جیت کا سہرا برق کو نہیں ملے گا۔
برائے مہربانی۔ مجھے مدد کی ضرورت ہے۔


تم سیسرا ہو۔ بادشاہ یابین کی فوج کے سپاسلار۔
ہاں، میں ہوں۔
ہمارے بادشاہ اور آپ کے قنانی خاندانوں کے درمیان دوستی کے تعلقات ہیں۔
ہاں، ایسا ہی ہے
پھر میرے لئے ایک کام کریں۔ مجھے اپنے خیمے میں چھپالیں۔ بنی اسرائیل کبھی بھی مجھے کسی چرواہے کے خیمے میں تلاش نہیں کریں گے۔
اَے میرے خُداوند آ۔ میرے پاس آ اور ہراسان نہ ہو۔
ذرا مُجھے تھوڑا سا پانی پینے کو دے کیونکہ مَیں پیاسا ہُوں۔
یہ ہماری بکریوں کا تازہ دودھ ہے یہ آپ کو جنگ کی تھکاوٹ سے بحال کر دے گا۔
تُو ڈیرے کے دروازہ پر کھڑی رہنا اور اگر کوئی شخص آ کر تُجھ سے پُوچھے کہ یہاں کوئی مَرد ہے؟ تو تُو کہہ دینا کہ نہیں۔



یاعیل نے ڈیرے کی ایک میخ لی۔
۔۔۔ دبے پاؤں اُس کے پاس گئی جہاں وہ سویا ہوا تھا، کیونکہ وہ تھکا ہوا تھا۔
میخ اُس کی کنپٹیوں پر رکھ کر ایسی ٹھونکی کہ وہ پار ہو کر زمین میں جا دھنسی، اور وہ مر گیا۔


کنعانی سپاسلار فرار نہیں ہوسکتا۔ ہمیں اپنی فتح کے لیے اسے پکڑنا ہوگا، ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے مردوں کو دوبارہ اکٹھا کرے۔
ہم نے اُسے اِس سمت میں لڑائی کے میدان سے بھاگتے دیکھا۔ وہ ابھی زیادہ دور تک نہیں گیا ہوگا۔
آجا اور مَیں تُجھے وہی شخص جِسے تو ڈُھونڈتا ہے دِکھاؤں گی۔
نبوت کا کلام سچ ثابت ہوا۔ یاعیل-حبر کی بیوی نے عظیم سپاسلار سیسرا کو مار ڈالا۔
اور اُس فتح کا اعزاز اسے حاصل ہوا۔
سو خُدا نے اُس دِن کنعان کے بادشاہ یابین کو بنی اِسرائیل کے سامنے نیچا دِکھایا۔
اور بنی اِسرائیل کا ہاتھ کنعان کے بادشاہ یابین پر زِیادہ غالِب ہی ہوتا گیا یہاں تک کہ اُنھوں نے شاہِ کنعان یابین کو نیست کر ڈالا۔


اُسی دِن، انہوں نے دبورہ کا یہ گیت گایا۔
پیشواؤں نے جو اِسرائیل کی پیشوائی کی اور لوگ خُوشی خُوشی بھرتی ہُوئے اِس کے لِئے خُداوند کو مُبارک کہو۔
اَے بادشاہو! سُنو۔ اَے شاہزادو! کان لگاؤ۔ مَیں خُود خُداوند کی سِتایش کرُوں گی۔ مَیں خُداوند اِسرائیل کے خُدا کی مدح گاؤں گی
اَے خُداوند! جب تُو شعیر سے چلا۔ جب تُو ادُوم کے مَیدان سے باہر نِکلا۔ تو زمین کانپ اُٹھی اور آسمان ٹُوٹ پڑا۔ ہاں بادل برسے۔
اسرائیل میں حاکم موقُوف رہے۔ وہ موقُوف رہے۔ جب تک کہ مَیں۔ دبورہ، برپا نہ ہُوئی۔ جب تک کہ مَیں اسرائیل میں ماں ہو کر نہ اُٹھی۔
اُنہوں نے نئے نئے دیوتا چُن لِئے۔ تب جنگ پھاٹکوں ہی پر ہونے لگی۔
کنعان کے بادشاہ تعنک میں مجدّو کے چشموں کے پاس لڑے۔ پر اُن کو کُچھ حاصل نہ ہُوا۔
آسمان کی طرف سے بھی لڑائی ہوئی۔ بلکہ ستارے بھی اپنی اپنی منزل میں سیسرا سے لڑے۔ قیسُون ندی اُن کو بہالے گئی
اَے خُداوند! تیرے سب دُشمن اَیسے ہی ہلاک ہو جائیں!
لیکن اُس کے پیار کرنے والے آفتاب کی مانند ہوں۔ جب وہ آب و تاب کے ساتھ طلوع ہوتا ہے۔
اور مُلک میں چالیس برس امن رہا۔

"THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE."





**SUPERBIBLE.TV**